16-04-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔خواتین کیلئے تحفظات سے متعلق ترمیمی بل پر لوک سبھا میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے خواتین کی قیادت پر خاص زور دیا ہے۔

۲۔ ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا ہے کہ لاپرواہی سے ڈرائیونگ بیشتر سڑک حادثات کی بنیادی وجہ ہے۔

۳۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے حلقوں کی ازسرنو حد بندی پر کانگریس کے دلائل کو مسترد کردیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ میں گرمی کی شدید لہر جاری ہے۔کئی اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

PM-NARI SHAKTI:

وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ خواتین کو جو ملک کی آبادی کا نصف ہیں فیصلہ سازی کے عمل کا حصہ بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ناری شکتی ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کررہی ہے اور پالیسی بنانے کے عمل میں خواتین کو مناسب نمائندگی دینا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے آج لوک سبھا میں خواتین کیلئے تحفظات سے متعلق قانون میں دستوری ترمیمات کیلئے پیش کئے گئے تین اہم بلوں پر مباحث کے دوران یہ بات کہی۔حکومت نے 131 واں ترمیمی بل 2026ء، ڈی لمی ٹیشن بل 2026ء اور یونین ٹیریٹریز لاء ترمیمی بل 2026ء لوک سبھا میں پیش کیا۔وزیراعظم نے اپوزیشن پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ اس تاریخی قانون کو سیاسی

رنگ نہ دیں کیونکہ یہ سب کیلئے اور ملک کی جمہوریت کیلئے فائدہ مند ہے۔انہوں نے کہا کہ اب اِس قانون کی مخالفت کرنے والوں کو مستقبل میں اس کے نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

Sound Byte

وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ قانون ملک کی سمت اوراس کے مستقبل کو طئے کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت صرف انفرااسٹرکچر، ریلوے یا معاشی علامات تک محدود نہیں رہے گا بلکہ اسے خواتین کی مساوی شرکت کی بھی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پالیسی بنانے کے عمل میں سب کا ساتھ، سب کے وکاس کا جذبہ چاہتی ہے۔

RAMCHANDER RAO:

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے پارلیمانی حلقوں کی ازسرنو حد بندی کے مسئلہ پر چیف منسٹر ریونت ریڈی اور کانگریس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان کے دلائل کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کیرالا کے مقابلہ تلنگانہ کی آبادی زیادہ ہے لیکن تلنگانہ میں ارکانِ پارلیمنٹ کی نشستیں کام ہیں۔انہوں نے چیف منسٹر سے کہا کہ وہ پہلے کیرالا میں نشستوں کی تعداد کم کرنے کا مطالبہ کریں۔انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ شمالی اور جنوبی بھارت کے درمیان علاقائی تفریق پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نشستوں کی تعداد میں اب کمی نہیں ہورہی ہے بلکہ سابقہ حکومتوں کے دور میں ہی یہ تعداد کم ہوگئی۔انہوں نے خواتین کیلئے تحفظات کے مسئلہ پر کانگریس پارٹی کے موقف پر تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کے مقابلہ ریونت ریڈی کی قومی امنگیں زیادہ ہیں۔رام چندر راؤ نے کہا کہ حد بندی کے نتیجہ میں تمام ریاستوں میں پارلیمنٹ کی نشستوں میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ

علاقائی رنجش کو ہوا دینے کیلئے جھوٹی باتیں پھیلا رہی ہے۔

PONNAM:

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے لوک سبھا میں بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ تیجسوی سوریہ کی جانب سے تلنگانہ کے بارے میں کئے گئے ریمارکس کی مذمت کی ہے۔انھوں نے کہا کہ رکن پارلیمنٹ کی ریمارکس لاعلمی کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ تلنگانہ ریاست کی دستوری تشکیل کی اہانت کے مترادف ہیں۔ پونم پربھاکر نے تیجسوی سوریہ کی رکنیت کو فوری منسوخ کرنے اور پارلیمنٹ کے ریکارڈ سے ان کے ریمارکس کو حذف کرنے کا مطالبہ کیا۔

HEATWAVE:

تلنگانہ میں گرمی کی سخت لہر جاری ہے جبکہ کئی اضلاع میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ دفتر موسمیات نے اگلے دو دن کیلئے حیدرآباد، میڑچل، ملکاجگری، نظام آباد اور مشترکہ اضلاع عادل آباد، کھمم اور محبوب نگر میں آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں ایک تا دو ڈگری اضافہ کا امکان ہے۔جن اضلاع میں الرٹ جاری کیا گیا ہے وہاں اعظم ترین درجہ حرارت 41 تا 44 ڈگری کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔ آج سے ناگر کرنول ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں گرم لہر کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ عہدیداروں نے عوام کو گرمی میں بڑھتی ہوئی شدت سے چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

MAHABUBNAGAR:

ریاست کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے محبوب نگر ضلع کے جڑچرلہ میں روڈ سیفٹی پروگرام ارائیو الائیو میں شرکت کی۔ انھوں نے اِس موقع پر کہا کہ لاپرواہی سے ڈرائیونگ کے نتیجہ میں اکثر

سڑک حادثات پیش آرہے ہیں۔انہوں نے روڈ سیفٹی کے بارے میں عوام میں بیداری میں اضافہ کی ضرورت پر زور دیا اور شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ ٹرافک قوانین پر سختی سے عمل کریں۔ڈی جی پی نے کہا کہ ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ پہننا لازمی ہے۔انہوں نے کہا کہ معمولی غفلت ہی جان لیوا ثابت ہوسکتی ہے۔ڈی جی پی نے کہا کہ ریاست گیر پروگرام ارائیوالائیو کا مقصد حادثات کی روک تھام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ دارانہ ڈرائیونگ ہی حادثات کو کم کرسکتی ہے۔ اِس پروگرام میں مقامی عہدیداروں اور عوام نے شرکت کی۔

HARISH

سابق وزیر اور بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راؤ نے تلنگانہ کے بارے میں بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ تیجسوی سوریہ کے مبینہ ریمارکس کی سخت مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں کیئے گئے یہ ان ریمارکس سے تلنگانہ کے 4 کروڑ عوام کے عزتِ نفس کی توہین ہوئی ہے۔انہوں نے رکن پارلیمنٹ سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے غیر حساس تبصرہ کیلئے غیر مشروط معافی مانگیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے بیانات ریاست کی جمہوری جدوجہد کی اہمیت اور اس کے دستوری وجود کیلئے نقصاندہ ہیں۔

PRAJA PALANA:

میدک کی ضلع کلکٹر پرتیما سنگھ نے آج کلچارم میں منڈل کی سطح کے ایک اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پرجا پالنا پروگرام کا بنیادی مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ سرکاری اسکیمیں ہر مستحق تک پہنچیں۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ پینے کے پانی اور بنیادی سہولتوں کے بارے میں مقامی شکایات کو فوری حل کریں۔کلکٹر نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ آپسی تال

میل کے ساتھ کام کریں۔انہوں نے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کیلئے آئیل پام کی کاشت کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ہر گاؤں میں کم از کم 10 کسانوں کو معلومات فراہم کریں۔

JANGAON:

جنگاؤں کے ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھانے عوامی بہبود کیلئے سرکاری اسکیموں پر موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے رگھوناتھ پلی منڈل پریشد آفس میں منڈل سبھا میں شرکت کی۔اس اجلاس میں مختلف محکموں کے عہدیداروں نے جاریہ ترقیاتی سرگرمیوں کی تفصیلات سے واقف کرایا۔کئی استفادہ کنندگان میں حکومت کی طرف سے ملنے والی امداد پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے اِس کیلئے ریاستی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔نچلی سطح پر انتظامیہ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ ایسے فورم عوامی بہبود کیلئے اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتے ہیں۔لائبری کارپوریشن کے چیرمین ایم رام بابو اور ہاؤزنگ کے پی ڈی ماتھورنائک بھی موجود تھے۔

ARRIVE ALIVE:

کوتہ گوڑم گورنمنٹ جنرل ہاسپٹل ضلع کلکٹر انکت نے ڈرائیورس کیلئے منعقدہ آنکھوں کے مفت معائنے کے کیمپ کا دورہ کیا۔یہ پروگرام روڈ سیفٹی پروگرام ارائیو الائیو کے حصہ کے طور پر منعقد کیا گیا۔99 روزہ پرجا پالنا کے تحت اس پروگرام کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔اس پروگرام کے ذریعہ حادثات کی روک تھام میں ڈرائیورس کی صحت پر توجہ دی جارہی ہے۔کلکٹر نے موٹر گاڑیاں چلانے والوں کیلئے وقفہ وقفہ سے آنکھوں کے معائنہ کی اہمیت پر زور دیا۔

MALLANA:

قانون ساز کونسل کے رکن تین مار ملنا نے آج یادادری بھونگیر ضلع میں موتہ کندور منڈل کے جنرل باڈی اجلاس میں وظیفہ سے متعلق مسائل پر نامکمل اطلاعات فراہم کرنے پر عہدیداروں پر برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مکانات کے الاٹمنٹ میں بے قاعدگیوں پر سوال اٹھایا اور انتظامی جوابدہی کی ضرورت پر زور دیا۔ گاؤں کی ترقی کیلئے فنڈس کی فراہمی کا وعدہ کرتے ہوئے انہوں نے ان سرکاری اسکولوں کو 20 لاکھ روپے کی پیشکش کی جہاں طلبہ کی تعداد دگنی ہوگئی ہے۔ انہوں نے تعلیم کو تجارتی رنگ دئے جانے پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ بیشتر خانگی تجارتی ادارے سیاست دانوں کے ہاتھوں میں ہیں۔

MEDCAL:

ملکاجگری کے ایم ایل اے مری راج شیکھر ریڈی نے سی ڈی پی او سواتی کے ہمراہ میڑچل ملکاجگری ضلع میں اپنے کیمپ آفس پر آنگن واڑی ٹیچرس میں اسمارٹ فون تقسیم کئے۔ اس پروگرام میں رکن اسمبلی نے دیہی اور شہری علاقوں میں بچوں کو تغذیہ کی فراہمی، ان کی صحت اور تعلیمی ترقی میں آنگن واڑی ٹیچرس کے اہم رول کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی ٹیچرس کو جدید ٹکنالوجی کی فراہمی سے وہ اپنی خدمات اور بھی موثر انداز میں ادا کرسکیں گے۔ انہوں نے اساتذہ کو تیقن دیا کہ وہ ان کے علم میں لائے جانے والے پیشہ وارانہ امور کی یکسوئی کریں گے۔ اس پروگرام میں حلقہ کے آنگن واڑی ٹیچرس کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔

PEDDAPALLI:

پداپلی کے ضلع کلکٹر کویا سری ہرشا نے ٹرافک قوانین کی پابندی کے ذریعہ سڑک حادثات کی روک تھام میں مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ حادثہ کےفوری بعد متاثرین کو مدد فراہم کرنے والوں کو ترغیبات فراہم کی جائیں گی۔آج پرجا پالنا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری فلاحی اسکیموں کا ذکر کیا جن میں خواتین کیلئے بسوں میں مفت سفر کی سہولت ، نئے راشن کارڈس کی اجرائی اور سبسیڈی پر گیس سلنڈرس کی فراہمی شامل ہے۔کلکٹر نے کہا کہ راہ ویرا اسکیم کے تحت گولڈن اوور کے اندر سڑک حادثات کے متاثرین کو دواخانہ منتقل کرنے والوں کو راہ ویرا اسکیم کے تحت 25 ہزار روپے دئے جائیں گے۔

OO